سوال

(168)خواتین کی نمازجنازہ میں شرکت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاخواتین نمازجنازہ میں شرکت کرسکتی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

خواتین نمازجنازہ اگراداکرناچاہیں توکرسکتی ہیں عبداللہ بن ابی طلحہ اپنے باپ ابوطلحہ سے بیان کرتے ہیں کہ جب عمیر بن ابی طلحہ فوت ہوئے توابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوبلایا توان کے ہاں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے توعمیر پر ان کے گھر میں نمازجنازہ اداکی نبی صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اورابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے تھے اورام سلیم رضی اللہ عنہا ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے تھیں اوران کے ساتھ ان کے علاوہ کوئی اورنہ تھا۔ (المستدرک للحاکم 1/519،135 طجدید)

امام حاکم اورامام ذہبی نے اس حدیث کوبخاری ومسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے، امام حاکم فرماتے ہیں عورتوں کے نمازجنازہ اداکرنے کی اباحت پرایک سنت غریبہ ہے۔ اسی طرح سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ پر امہات المومنین رضی اللہ عنہن کا نمازجنازہ پڑھنا، صحیح مسلم کتاب الجنائز99/973 وغیرہ میں مذکور ہے لہذاخواتین اگرنمازجنازہ اداکرناچاہیں تو وہ بھی شرکت کرسکتی ہیں البتہ اپنے حجاب اورپردے کاضرورخیال رکھناچاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الجنائز، صفحہ:222

محدث فتویٰ